| Narration | Time |
|---|---|
| لبرآفس ڈرامیںObjects کے ساتھ کام کرنے کی بنیادی باتوں پرسپوکن ٹیوٹوریل میں آپ کا استقبال ہے. | 00.02 |
| اس ٹیوٹوریل میں آپ سیکھیں گے کہ کس طرح: | 00.08 |
| Objects کو کٹ، کاپی، پیسٹ کریں | 00.11 |
| ہینڈلس کا استعمال کر کے Objects کی شکل نقل وحرکت سے تبدیل کریں. | 00.14 |
| Objects کو منظّم کریں. | 00.17 |
| Objects کو گروپ اور ungroup کریں. | 00.19 |
| گروپ میں ہرobject میں ترمیم کریں. | 00.21 |
| ایک گروپ کے اندرObjects کو منتقل کریں. | 00.24 |
| یہاں ہم ابنٹو لینکس ورژن 10.04 اورلبرے آفس سوٹ ورژن 3.3.4 استعمال کررہے ہیں. | 00.28 |
| چلیئے "WaterCycle" فائل کھولتے ہیں جسے ہم نے Desktop پرسیو کیا تھا. | 00.37 |
| اب، اس تصویر میں تین اور بادل کاپی اور پیسٹ کرتے ہیں. | 00.42 |
| پہلے بادل منتخب کریں، پھر کنٹیکسٹ مینو دیکھنے کے لئے دایاں کلک کریں اور "Copy" پرکلک کریں. | 00.47 |
| پھر، پیج پر کرسر رکھیں، کنٹیکسٹ مینو کے لئے پھر سے دایاں کلک کریں اور "Paste" پرکلک کریں. | 00.54 |
| لیکن ہم صرف ایک ہی بادل دیکھ رہے ہیں! | 01.02 |
| وہ بادل کہاں ہے، جسے ہم نے کاپی اور پیسٹ کیا؟ | 01.05 |
| کاپی کیا ہوا بادل اصلی بادل کے اوپر پیسٹ ہوا ہے! | 01.08 |
| بادل کو منتخب ریں اوراس کو بائیں طرف منتقل کریں. | 01.13 |
| اسی طرح سے ایک اور بادل بناتے ہیں. | 01.17 |
| بادل کا انتخاب کریں، کنٹیکسٹ مینو کے لئے دایاں کلک کریں اور "Copy" پرکلک کریں. | 01.21 |
| کنٹیکسٹ مینو کے لئے پھر سے دائیاں - کلک کریں اور "Paste" پرکلک کریں. | 01.26 |
| اب، کاپی کیئے ہوئے بادل کو منتخب کریں اوراسے بائیں طرف منتقل کریں. | 01.30 |
| ہم Objects کی کاپیاں دکھانے کیلیئے شارٹ کٹ کیز کا بھی استعمال کر سکتے ہیں. | 01.37 |
| ایکObject کاپی کرنے کے لئےCTRL + C | 01.41 |

| | |
|---|---|
| ایک Object کو پیسٹ کرنے کے لئے CTRL + V | 01.44 |
| ایک Object کو کٹ کرنے کے لئے CTRL + X | 01.47 |
| بادل کا انتخاب کریں اور CTRL اور C کیز کو ایک ساتھ دبائیں. | 01.50 |
| بادل کاپی ہو چکا ہے. | 01.55 |
| پیسٹ کرنے کے لئے، CTRL اور V کیز کو ایک ساتھ دبائیں. | 01.57 |
| اب، بادل منتخب کریں اور اسے مطلوبہ جگہ پر منتقل کریں. | 02.02 |
| اس ٹیوٹوریل کو روک دیں اور یہ مشق کریں. | 02.08 |
| اپنی ڈرا فائل میں دو پیج شامل کریں. | 02.11 |
| پہلے پیج پر دو Objects بنائیں. | 02.14 |
| ایک Object کو پہلے سے دوسرے پیج پر کاپی کریں. | 02.18 |
| جانچیئے کاپی کیا ہوا Object کہاں رکھا گیا ہے. | 02.22 |
| ایک Object کو کٹ کریں اور اسے پیسٹ کریں .اس مقصد کے لئے آپ شارٹ کٹ کیز کا استعمال کر سکتے ہیں. | 02.25 |
| چیک کریں اگر Object کی کاپی بنتی ہے، جب آپ اسے کٹ کرتے ہیں. | 02.31 |
| چلیئے اس بادل کا سائز تبدیل کریں. | 02.36 |
| لہذا، پہلے اسے منتخب کریں. | 02.38 |
| اب، ہینڈلس نظر آتے ہیں. | 02.40 |
| اب کرسر کو ایک ہینڈل پر رکھیں جب تک Arrowheads نہ دِکھیں۔ | 02.43 |
| اب، بائیں ماؤس بٹن کو دبا کر رکھیں اور بادل کو چھوٹا کرنے کے لئے ایرو کو اندر کی طرف ڈریگ کریں. | 02.50 |
| اسے بڑا کرنے کے لئے، ایرو کو باہر کی طرف ڈریگ کریں. | 02.57 |
| اس ایرو کو بڑا کرنے کے لئے، پہلے منتخب کریں. | 03.00 |
| اب کرسر کو ایک ہینڈل کے اوپر لے جائیں. | 03.04 |
| نیچے ایک چوکور کے ساتھ ایک چھوٹا شفاف ایرو کرسر کی نوک پر دِکھتا ہے. | 03.07 |
| اب، کی بورڈ پر "Shift" کا بٹن دبائیں، بائیں ماؤس بٹن دبائے رکھیں اور ایرو کے ہینڈل کا استعمال کر کے، اسے نیچے ڈریگ کریں. | 03.14 |

| | |
|---|---|
| 03.25 | Object کا سائز تبدیل کرنے کے لئے یہ بہت آسان ہے اگر آپ Shift بٹن دباتے ہیں، ہے نہ؟ |
| 03.32 | ہینڈلس کا استعمال کر کے Object کی شکل کو تبدیل کرنے کو "Dynamic Resizing" کہتے ہیں. |
| 03.38 | اس کا مطلب ہے کہ ہم حقیقی پیمائش کا استعمال نہیں کر رہے ہیں. |
| 03.42 | Objects کا اصل میں سائز تبدیل کرنا ہم آگے کے ٹیوٹوریلس میں سیکھیں گے. |
| 03.47 | اسی طرح سے اس مستطیل یعنی rectangle کی چوڑائی بڑھاتے ہیں. |
| 03.52 | Rectangle منتخب کریں، کی بورڈ پر Shift بٹن دبائیں اور اسے اوپر ڈریگ کریں. |
| 03.59 | ڈرا ونڈو کے نیچے "Status" بار پر دیکھیں. |
| 04.03 | نوٹ کریں کہ جب آپ rectangle کا ناپ بدلتے ہیں، ابعاد یعنی dimensions بدل جاتے ہیں. |
| 04.09 | "Status" بار مقام میں اور تفصیل میں تبدیلی کو ظاہر کرتا ہے. |
| 04.16 | اب بادلوں اور سورج کو جیسا یہاں نظر رہا ہے ویسا منظّم کرتے ہیں. |
| 04.20 | بادلوں کی شناخت کے لئے، انہیں بائیں سے دائیں طرف نمبر دیتے ہیں. |
| 04.29 | نمبر درج کرنے کے لئے، اس بادل کو منتخب کریں، ڈبل کلک کریں، 1 ٹائپ کریں. |
| 04.36 | اسی طرح سے دیگر بادلوں کو بھی نمبر دیں. |
| 04.44 | اب بادل 4 منتخب کریں اور اسے سورج کے اوپر رکھیں. |
| 04.49 | سورج کے پیچھے بھیجنے کے لئے، بادل پر دایاں کلک کر کے کنٹیکسٹ مینو کھولیں. |
| 04.55 | "Arrange" پر کلک کریں اور "Send Backward" منتخب کریں. |
| 04.58 | بادل 4 اب سورج کے پیچھے ہے. |
| 05.02 | "Send Backward" ایک Object کو موجودہ تہہ کے پیچھے بھیج دیتا ہے. |
| 05.07 | اب بادل 3 کو منتخب کریں اور اسے سورج کے اوپر رکھتے ہیں. |
| 05.12 | کنٹیکسٹ مینو کے لئے دایاں کلک کریں، "Arrange" پر کلک کریں اور "Send to Back" منتخب کریں. |
| 05.18 | بادل 3 اب سورج اور بادل 4 دونوں کے پیچھے ہے. |
| 05.23 | "Send to Back" آبجیکٹ کو آخری تہہ پر بھیج دیتا ہے. |
| 05.28 | بادل جیسے سلائڈ میں دکھائی دے رہے ہیں ویسے منظّم کرنا بہت آسان ہو گیا ہے. |

| | |
|---|---|
| 05.32 | چلیئے بادل 4 کا انتخاب کرتے ہیں، کنٹیکسٹ مینو کے لئے دایاں کلک کریں، "Arrange" پر کلک کریں اور "Bring to Front" منتخب کریں. |
| 05.40 | "Bring to Front" آبجیکٹ کو پہلی تہہ پر لے آتا ہے. |
| 05.44 | پھر بادل 3 منتخب کریں، کنٹیکسٹ مینو کے لئے دایاں کلک کریں، "Arrange" پر کلک کریں اور "Forward" منتخب کریں. |
| 05.52 | "Bring Forward" آبجیکٹ کو ایک تہہ آگے لے آتا ہے. |
| 05.57 | اب، بادل 2 منتخب کریں اور اسے بادل 1 پر رکھیں.. |
| 06.01 | بادل جیسے سلائڈ میں ظاہر ہیں ویسے منظّم ہیں. |
| 06.07 | اب بادلوں سے نمبرس ہٹائیں |
| 06.10 | یہ کرنے کے لئے، بادل منتخب کریں اور ڈبل - کلک کریں . پھر نمبر منتخب کریں اور کی بورڈ پر Delete کا بٹن دبائیں. |
| 06.23 | اس مشق کے لئے یہاں ٹیوٹوریل روک دیں. |
| 06.26 | ایک دائرہ، ایک چوکور اور ایک ستارہ بنائیں اور انہیں جیسا نیچے ظاہر ہے ویسے منظّم کریں. |
| 06.32 | ہر شے یعنی object کو منتخب کریں اور arrange مینو میں سے ہر آپشن کو لاگو کریں. |
| 06.38 | دیکھیں کہ ہر آپشن سے شکلوں کی ترتیب کیسے بدلتی ہے. |
| 06.44 | اب جیسا اس سلائڈ میں ظاہر ہے، ویسے object رکھیں اور "bring to front" اور "sent to back" آپشن کو چیک کریں. |
| 06.53 | اب جیسے اس سلائڈ میں ظاہر ہے، Water-cycle شکل میں ویسے درخت جوڑیں |
| 06.59 | ہم بلاک ایرو اور ایک ایکسپلوشن کا استعمال کرکے ایک درخت بنائیں گے. |
| 07.05 | Insert اور پھر Slide پر کلک کرکے ڈرا میں ایک نیا پیج شامل کریں. |
| 07.11 | یہ ہماری فائل میں ایک نیا پیج جوڑیگا. |
| 07.15 | درخت کا تنا دکھانے کیلئے Drawing ٹول بار سے "Block Arrows" منتخب کریں. |
| 07.21 | دستیاب شکلوں کو دیکھنے کے لئے چھوٹے سیاہ تکون پر کلک کریں اور "Split Arrow" منتخب کریں. |
| 07.28 | کرسر کو پیج پر رکھیں، بائیں ماؤس بٹن کو دبا کر رکھیں اور نیچے کی اور کنارے کی طرف ڈریگ کریں. |
| 07.35 | آپ نے دو شاخوں کے ساتھ درخت کا تنا بنالیا ہے! |
| 07.39 | چلیئے شاخ میں پتیاں جوڑیں |

| | |
|---|---|
| منتخب کریں Stars سے Drawing toolbar. | 07.42 |
| پھر، چھوٹے سیاہ تکون پر کلک کریں اور "Explosion" منتخب کریں. | 07.45 |
| اب، draw پیج پر جائیں، کرسر کو ایریو کے بائیں کونے پر رکھیں، شکل بنانے کیلئے بائیں ماؤس بٹن کو دبانے رکھیں اور دائیں طرف ڈریگ کریں. | 07.51 |
| تو ہم نے درخت میں پتے جوڑ دیے ہیں! | 08.01 |
| ہم اس شکل کو درخت کی دائیں بازو میں بھی کاپی کریں گے. | 08.04 |
| شکل منتخب کریں. | 08.09 |
| کاپی کرنے کے لئے کی بورڈ پر CTRL + C keys دبائیں. | 08.11 |
| پیسٹ کرنے کے لئے CTRL + V دبائیں. | 08.15 |
| ہم شکل کو درخت کی دائیں بازو کی طرف منتقل کریں گے. | 08.19 |
| ہم نے ایک درخت بنالیا ہے! | 08.22 |
| اب درخت منتخب کریں اور اسے نیچے منتقل کریں. | 08.25 |
| صرف درخت کا تنا نیچے جاتا ہے؛ پتے نہیں! | 08.28 |
| یہاں درخت کا تنا اور دو پتے مختلف Objects کی طرح عملدرآمد ہو رہے ہیں. | 08.32 |
| درخت کے تنے کو واپس جہاں تھا وہاں منتقل کرتے ہیں. | 08.38 |
| سیکھتے ہیں کہ درخت کے تنے کو اور دو پتیوں کو ایک حصے میں جمع کس طرح کریں. | 08.41 |
| گروپ میں کوئی بھی تبدیلی اس گروپ کے اندر تمام Objects پر لاگو ہو جائیں گی. | 08.47 |
| پہلے پیج پر کلک کریں، جس سے کہ کوئی بھی Objects منتخب نہ ہو. | 08.53 |
| پھر، Drawing ٹول بار سے "Select" پر کلک کریں. | 08.58 |
| کرسر کو پیج پر لے جائیں اور پیج پر کلک کریں. | 09.02 |
| اب بائیں ماؤس بٹن دبانے رکھیں اور ڈریگ کریں، جس سے کہ تمام Objects منتخب ہو جائیں. | 09.05 |
| آپ ایک dotted rectangle دیکھیں گے. | 09.11 |
| اس بات کا یقینی بنائیں کہ درخت کے تمام Objects اس rectangle کے اندر منتخب ہوں. | 09.14 |
| متبادل طور پر، آپ Shift کی دبا کر اور پھر ہر چیز پر کلک کرنے سے، دو یا زیادہ Objects کو منتخب کرسکتے ہیں. | 09.20 |

| | |
|---|---|
| کنٹیکسٹ مینو کے لئے دایاں کلک کریں اور "Group" منتخب کریں. | 09.28 |
| اب درخت کے کسی بھی object پر کلک کریں. | 09.32 |
| ہینڈلس ظاہر ہوتے ہیں، جیسے کہ وہ ایک object کا حصہ ہوں. | 09.36 |
| ان Objects پر اب ایک حصے کی طرح عملدرآمد ہوتا ہے. | 09.40 |
| انہیں مختلف Objects کی طرح ungroup کرنے کے لئے، درخت کو منتخب کریں، دائیاں کلک کریں اور "Ungroup" منتخب کریں. | 09.45 |
| Objects اب ungroup ہو گئے ہیں اور تین مختلف Objects کی طرح عملدرآمد ہوتے ہیں. | 09.52 |
| انہیں پھر سے group کریں. | 09.56 |
| Shift کی دبائیں اور ایک کے بعد ایک object منتخب کریں. | 09.58 |
| دایاں کلک کریں اور "group" منتخب کریں. | 10.03 |
| درخت کو اپنے مین ڈرائنگ پیج پر کاپی کریں. | 10.06 |
| لہذا کاپی کرنے کے لئے Ctrl اور C دبائیں، پیج پر کلک کریں اور پیسٹ کرنے کے لئے Ctrl اور V دبائیں | 10.10 |
| اب فرض کریں، کہ گروپ میں ہم ایک اکیلے object کو ترمیم کرنا چاہتے ہیں . تو ہم کیا کریں گے؟ | 10.17 |
| میں Objects کو ungroup اور پھر سے group کئے بغیر اسے کرنے کا ایک آسان طریقہ دکھاتا ہوں. | 10.23 |
| group منتخب کریں اور کنٹیکسٹ مینو کے لئے دایاں کلک کریں. | 10.30 |
| "Enter Group" منتخب کریں. | 10.33 |
| نوٹ کریں، کہ گروپ کے باہر تمام Objects غیر فعال ہو گئے ہیں. | 10.35 |
| صرف گروپ کے اندر کے objects میں ترمیم کر سکتے ہیں. | 10.39 |
| مثلاً، درخت کے دائیں طرف کے پتے کو منتخب کریں اور اس کا سائز کم کریں. | 10.43 |
| انڈو کرنے کے لئے 'Ctrl + 'Z دبائیں، اور آگے چلیں. | 10.51 |
| اب، ہمیں درخت کا سائز کم کرنا ہوگا جس سے کہ یہ Water-cycle ڈرائنگ میں بیٹھ جائے. | 10.56 |
| لہذا ہمیں گروپ کے "Edit" موڈ سے باہر آنا ہوگا. | 11.02 |
| گروپ سے باہر آنے کے لئے، پیج پر کرسر رکھیں، دائیاں کلک کریں اور "Exit group" منتخب کریں. | 11.05 |
| ہم گروپ کے "Edit" موڈ سے باہر ہیں. | 11.13 |

| | |
|---|---|
| 11.16 | درخت منتخب کریں اور کرسر کو نیچے -دائیں ہینڈل پر لے جائیں. |
| 11.21 | کرسر سائز تبدیل کرنے کے ایرو میں بدل ہو جاتا ہے. |
| 11.24 | ایرو کو اندر کی طرف ڈریگ کریں. |
| 11.26 | اور ہم نے پورے درخت کا سائز کم کر لیا ہے! |
| 11.29 | اس تصویر میں تین اور درخت شامل کریں. |
| 11.32 | درخت منتخب کریں اور کاپی کرنے کے لئے ctrl اور C، اور پیسٹ کرنے کے لئے تین بار Ctrl اور.' V" دبائیں |
| 11.39 | یہ درخت کی تین کاپیاں بنا دے گا. |
| 11.41 | اب ہم انہیں مطلوبہ جگہ پر منتقل کریں گے. |
| 11.45 | اس کام کو تمام درختوں کے لئے دہرائیں. |
| 11.51 | اب، توجہ رہے، کہ ہر درخت تین Objects سے بنا ہے. |
| 11.55 | ہر درخت بھی خود سے ایک گروپ ہوتا ہے. |
| 11.58 | ہم نے Objects کا گروپ بنا لیا ہے. |
| 12.01 | ڈرائنگ میں اب پانی کے عنصر کا اضافہ کرتے ہیں. |
| 12.04 | پانی کا اثر دینے کے لئے، ہم rectangle کے آگے ایک تکون کا اضافہ اور پھر ایک curve کا اضافہ کرتے ہیں. |
| 12.12 | ایک تکون بنانے کے لئے، "Drawing" ٹول بار سے "Basic shapes" منتخب کریں. |
| 12.18 | چھوٹے سیاہ تکون پر کلک کریں اور "Right Triangle" منتخب کریں. |
| 12.24 | اسے بنائیں اور اس rectangle کے آگے رکھیں. |
| 12.28 | اب پانی کی سرگرمی کو ظاہر کرنے کے لئے رنگ سے بھرا ایک curve بناتے ہیں. |
| 12.34 | "Drawing" ٹول بار سے، "Curve" منتخب کریں .اب "Freeform Line, Filled"، پر کلک کریں. |
| 12.42 | پھر کرسر کو تکون کے سب سے اوپر رکھیں، بائیاں ماؤس بٹن دبانے رکھیں اور اسے نیچے ڈریگ کریں. |
| 12.49 | curve کو اس طرح منظم کریں، جس سے کہ یہ بہتے پانی کی طرح نظر آئے. |
| 12.56 | تکون اور curve ایک -ساتھ پانی بناتے ہیں، چلئے انہیں ایک object کے طور پر گروپ بناتے ہیں |
| 13.03 | Drawing ٹول بار سے، Select پر کلک کریں. |

| | |
|---|---|
| 13.07 | اب کرسر کو بیچ پر لے جائیں، بائیاں ماؤس بٹن دبانے رکھیں اور تکون اور curve کو cover کرنے کے لئے ڈریگ کریں. |
| 13.16 | دایاں کلک کریں اور Group منتخب کریں. |
| 13.18 | ہم نے پا Water-cycle کا بنیادی خاکہ بنالیا ہے. |
| 13.23 | یہاں آپ کے لئے ایک اور مشق ہے. |
| 13.26 | اس تصویر کو خود سے بنائیں. |
| 13.30 | اسی کے ساتھ ہم ڈرا پر اس ٹیوٹوریل کے اختتام کی طرف آ گئے ہیں. |
| 13.33 | اس ٹیوٹوریل میں، آپ نے Objects کے ساتھ کام کرنے پر بنیادی باتوں کو سیکھا . آپ نے سیکھا کہ کس طرح: |
| 13.39 | Objects کو کٹ، کاپی، پیسٹ کریں. |
| 13.42 | ہینڈلس کا استعمال کر کے نقل و حرکت سے Objects کا سائز تبدیل کریں. |
| 13.46 | Objects کو منظّم کریں. |
| 13.48 | آبجیکٹس کا group( گروہ بندی) اور ungroup کریں |
| 13.50 | ایک گروپ کے اندر الگ -الگ Objects میں ترمیم کریں. |
| 13.53 | گروپ کے اندر Objects کو منتقل کریں. |
| 13.57 | مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ویڈیو دیکھیں. |
| 14.01 | یہ سپوکن ٹیوٹوریل کا خلاصہ کرتا ہے. |
| 14.04 | اگر آپ کے پاس اچھی بینڈوڈتھ نہیں ہے تو آپ اسے ڈانلوڑ کر کے بھی دیکھ سکتے ہیں. |
| 14.08 | سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم |
| 14.11 | سپوکن ٹیوٹوریلس کا استعمال کرتے ہوئے ورکشاپ بھی چلاتی ہے. |
| 14.14 | جو آن لائن ٹیسٹ پاس کرتے ہیں ان کو سند بھی دیتے ہیں. |
| 14.18 | مزید معلومات کے لئے contact@spoken-tutorial.org پر لکھیں. |
| 14.24 | سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹاک -ٹو -اے -ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے. |
| 14.28 | یہ حکومت ہند کی وزارت برائے انسانی وسائل و ترقی کے قومی تعلیمی مشن بذریعہ ICT کی مدد سے جاری ہے۔ |

| | |
|---|---|
| 14.36 | اس مشن پر مزید معلومات اس لنک پر دستیاب ہے spoken hyphen tutorial dot org slash . NMEICT hyphen Intro. |
| 14.47 | اِس اسکرپٹ کا ترجمہ اور صدا بندی میں نے یعنی وجاہت احمد نے کی ہے۔ ہمارے ساتھ شریک ہونے کیلئے بہت شُکر یہ۔ |